**National Council for Promotion of Urdu Language**

**Ministry of Education, Deptt. of Higher Education,**

**Govt. of India**

# 25واں کل ہند اردو کتاب میلہ

## بااشتراک کرناٹک اردو اکادمی، حکومت کرناٹک

تاریخ ۲۰ اگست سے ۲۸ اگست ۲۰۲۲ — مقام: عیدگاہ گراؤنڈ، تلک نگر، میسور، کرناٹک

## شرکت کے لیے فارم

نوٹ: برائے کرم اس فارم کو پُر کرنے سے پہلے شرائط کو غور سے پڑھیں۔ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 17 جولائی 2022 ہے۔ فارم بھرنے سے قبل اسٹال کی فیس بذریعہ ڈرافٹ یا کونسل کے اکاؤنٹ میں آن لائن یا نیچے دیے گئے QR code کے ذریعے کونسل کے اکاؤنٹ میں جمع کی جاسکتی ہے۔ آن لائن جمع کی گئی رقم کا UTR/UPI نمبر مع سکرین شاٹ اور تاریخ/ڈرافٹ کا نمبر مع تاریخ فارم میں درج کرنا ضروری ہے۔ نامکمل فارم کسی بھی صورت میں قابل قبول نہیں ہوگا۔ کونسل کی کوشش ہوگی کہ سبھی درخواست گزار کو میلے میں کم از کم ایک اسٹال فراہم کرایا جاسکے۔ ایک سے زیادہ اسٹال کی فراہمی، اضافی اسٹال کی دستیابی پر منحصر ہوگی۔ اگر کسی کو اضافی اسٹال نہیں مل سکا تو درخواست گذار کی جمع شدہ اضافی رقم بنا سود کے واپس کردی جائے گی

**فیس: 3000 روپے فی اسٹال۔ سائز: (3mt x 3mt)**

1 درخواست گزار کا نام:

2 ای میل:

3 پورا پتہ:

4 فون نمبر/فیکس:

5 مطلوب جگہ (اسٹال کی تعداد*):

6 جمع کی گئی رقم کی تفصیلات:

اگر رقم آن لائن جمع کی گئی ہے: جمع کی گئی رقم Rs. __________ UTR / UPI نمبر: ________________ تاریخ: ________________

اگر رقم ڈرافٹ کے ذریعے ہے: ڈرافٹ کی قیمت Rs. ________ ڈرافٹ نمبر: ____________________ تاریخ: ________________

7 کتبہ یا نام جو اسٹال کے بورڈ پر لکھا جانا ہے: ______________________________________________________________________

**میں نے اس میلے میں شرکت کرنے کی جملہ شرائط پڑھ لیے ہیں اور مجھے یہ تمام شرائط منظور ہیں۔**

امیدوار کے دستخط و مہر:

تاریخ:

جگہ:

Please contact:

**In-charge Sale & Exhibition**

National Council for Promotion of Urdu Language
Department of Education, Government of India
West Block-8, Wing No-7, R. K Puram,
New Delhi-110066
Ph. No. 26109746, Fax. 26108159
, email : bookfairs@ncpul.in

**Scan to pay stall fee**

**Account details of NCPUL**

Account name: **National Council for promotion of Urdu Language**
Bank Name : **Canara Bank**
Branch Code:**9009**
Account No.: **90092010045326**
IFCS Code : **CNRB0019009**
MICR Code : **110015393**

## -: شـــرائط وضوابط :-

**کتاب میلے میں اردو کے مصنفین، پبلشرز، سیلرز اور طباعت واشاعت سے متعلق سرکاری وغیر سرکاری ادارے شرکت کر سکتے ہیں۔**

i. کتاب میلے میں اردو، عربی اور فارسی زبانوں کی کتابیں، تعلیم وتدریسی سامان اور زبان کے فروغ سے متعلق اشیاء کی فروخت اور نمائش کی اجازت ہوگی۔

ii. مشترکہ اسٹال کے لیے فارم قبول نہیں کیے جائیں گے۔

iii. کتاب میلے کے داخلی دروازے پر یا الاٹ شدہ اسٹال کے فیسیا کے ساتھ کسی بھی قسم کا بینر یا ہینڈ بل لگانے یا تقسیم کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

iv. کتابیں یا سامان صرف الاٹ شدہ اسٹال/جگہ میں رکھنے اور ڈسپلے کرنے کی اجازت ہوگی۔

v. کوئی بھی سیلر اپنا سامان اس طرح ڈسپلے نہیں کرے گا جس سے دوسرے سیلرز یا دیکھنے والوں کو کوئی تکلیف ہو۔

vi. میلے میں پائریٹڈ کتاب فروخت نہیں کی جا سکتی ہے۔ اگر کوئی ایسا کرتا پایا گیا تو وہ کتاب ضبط کر لی جائے گی اور بیچنے والے کے خلاف ضابطے کے مطابق مناسب کارروائی کی جائے گی۔

vii. پبلشرز یا پرنٹرز کے رابطے کی تفصیلات کے بغیر کوئی بھی مذہبی کتاب، خاص طور پر قرآن شریف یا کوئی دوسرا متن، فروخت کرنے کی اجازت بالکل نہیں ہوگی۔

viii. میلے میں فروخت ہونے والی کتابوں پر کم سے کم 10% رعایت دینی ہوگی۔

ix. کتابوں پر چھپی ہوئی قیمت کے اوپر نئی قیمت کا اسٹیکر لگا کر کتابیں فروخت کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

x. آواز لگا کر کتابیں فروخت کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

xi. ایسی کتابیں یا مواد جن کی فروخت ہندوستان میں ممنوع ہیں انہیں فروخت یا ڈسپلے کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

### اسٹال بکنگ اور الاٹمنٹ۔

i. فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 17 جولائی 2022 ہے۔

ii. ایک اسٹال کی فیس صرف 3000 روپے ہوگی۔

iii. اسٹال فیس ڈیمانڈ ڈرافٹ یا آن لائن ادائیگی کے ذریعے ہی قبول کی جائے گی۔

iv. صرف درست طریقے سے مکمل بھرا ہوا فارم (فیس ادائیگی کی تفصیلات کے ساتھ) قبول کیا جائے گا۔ بصورت دیگر درخواست پر غور نہیں کیا جائے گا۔

v. بھرا ہوا فارم، ادائیگی کی تفصیلات/اصل DD کے ساتھ، 17 جولائی 2022 تک فارم پر دیے گئے پتے پر پہنچ جانا چاہیے۔ 17 جولائی 2022 کے بعد موصول ہونے والے فارم پر غور نہیں کیا جائے گا۔

vi. ادائیگی کی تفصیلات کے ساتھ مکمل شدہ فارم 17 جولائی 2022 تک bookfairs@ncpul.in پر ای میل کے ذریعے بھیجا جا سکتا ہے۔

vii. قومی اردو کونسل کی کوشش رہے گی کہ میلے میں تمام اہل درخواست گزار کو کم از کم ایک اسٹال فراہم کرایا جا سکے۔

viii. درخواست گزار جن کو ایک سے زیادہ اسٹال درکار ہوں گے صرف اضافی اسٹال دستیاب ہونے کی صورت میں ہی اسٹال الاٹ کیا جائے گا۔

ix. کتاب میلہ شروع ہونے کی تاریخ سے ایک دن (24 گھنٹے) پہلے اسٹال الاٹ کر دیے جائیں گے تاکہ الاٹ شدہ اسٹال میں کتابوں اور دیگر مواد کو مناسب طریقے سے ڈسپلے کیا جا سکے۔ میلہ شروع ہونے والے دن اسٹال سجانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

x. اسٹال کا مقام، نقشہ اور نمبر کا تعین قومی اردو کونسل کرے گی۔

**نوٹ:** اگر درخواست دہندگان مندرجہ بالا ہدایات پر عمل نہیں کرتے ہیں تو الاٹ شدہ اسٹال منسوخ کر دیا جائے گا اور اسٹال کی کل لاگت درخواست دہندگان سے وصولی جائیگی۔

**بیمہ:** میلے کے دوران تمام احتیاط برتی جائیں گی، لیکن اردو میلے کے دوران آگ، بارش، طوفان، ہڑتال یا کسی اور وجہ سے کتابوں کے نقصان کی ذمہ دار کونسل کی نہیں ہوگی۔ اس لیے درخواست دہندگان کو اپنی سطح پر میلے کے لیے لائی جانے والی کتابوں اور دیگر اشیاء کی انشورنس کروانا بہتر ہوگا۔

**فرنیچر اور بجلی:** بجلی کا کنکشن، اسٹال پر اردو/انگریزی میں بورڈ، ایک کرسی اور ایک میز، کرایہ میں شامل ہے۔ اضافی سامان کا انتظام درخواست دہندہ کو اپنی قیمت پر کرنا ہوگا۔

**میلے کی منسوخی اور واپسی:** قومی اردو کونسل اردو کتاب میلے کی تاریخوں کو تبدیل یا ملتوی کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ اگر کسی وجہ سے کتاب میلہ منسوخ کرنا پڑے تو اسٹال فیس سے مناسب رقم کاٹ کر بقیہ رقم درخواست گزار کو واپس کر دی جائے گی۔ اگر کوئی درخواست گزار بکنگ کے بعد میلے میں اسٹال نہیں لگانا چاہتا تو بکنگ فیس واپس نہیں کی جائے گی۔ کسی بھی تنازعہ یا دعوے سے متعلق قانونی کاروائی دہلی کی عدالتوں میں ہی ہوگی۔